13 اپریل 2021ء

اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک کے لیے دفتری اور کاروباری اوقات کا اعلان کردیا

ماہِ رمضان المبارک 1442 ہجری کے دوران بینک دولت پاکستان میں درج ذیل دفتری اوقات پر عمل کیا جائے گا، جس کی پابندی تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائکروفنانس بینک بھی کریں گے:

پیر تا جمعرات **صبح 10 بجے سے 4 بجے سہ پہر تک**، جس میں 2 بجے سے سوا2 بجے تک نماز کا وقفہ ہو گا جبکہ جمعے کو دفتری اوقات **صبح 10 بجے سے دوپہر ایک بجے تک** ہوں گے، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا۔

تاہم مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ عوام سے لین دین کے لیے درج ذیل کاروباری (بینکنگ) اوقات پر عمل کیا جائے گا:

پیر تا جمعرات **صبح 10 بجے سے ڈیڑھ بجے دوپہر تک**، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا جبکہ جمعے کو عوام سے لین دین (بینکنگ) کے اوقات **صبح 10 بجے سے دوپہر ایک بجے تک** ہوں گے، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہو گا۔

رمضان المبارک کے بعد مذکورہ اوقاتِ کار قبل از رمضان کے اوقات پر خود بخود واپس چلے جائیں گے۔

****